13/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی کا پنجاب میں آدم پور ائیر بیس کا دورہ// آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج کے بے مثال رول کی تعریف کی۔

*........ آپریشن سندور سے متعلق قومی سطح کی 11روزہ آوٹ ریچ مہم آج سے شروع۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ٹنگڈار میں سرحد پار کی شلنگ سے متاثرہ علاقوں کا کیا دورہ// متاثرین کو حکومت کی ہر ممکن مدد کا دلایا یقین۔

اور

*........ شوپیان کے Shukroo-علاقے میں ایک جھڑپ میں تین ملی ٹینٹ ہلاک

دورہPM

وزیراعظم نریندر مو دی نے آج صبح پنجاب میں آدم پور ائیر بیس کا دورہ کیا اور فضائیہ کے بہادر سپاہیوں اور فوجیوں سے بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران وزیراعظم نے اُن کی بہادری کو سراہا اور اُن کا حوصلہ بڑھایا۔

جوانوں سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعظم نے آپریشن سندور کے دوران بری، بحری اور فضائی فوج نیز دیگر سلامتی ایجنسیوں کے بہتر تال میل کی ستائش کی۔

جیسوال

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ بھارت صرف ایک مدعے پر بات چیت کرنے کےلئے تیار ہے اور وہ ہے پاکستانی مقبوضہ کشمیر ۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیر پر بھارت کو کسی بھی ملک کی ثالثی منظور نہیں ہے۔

**بریفنگ**

Foreignرانا نے آج70ملکوں کےDSڈیفنس انٹلی جنس ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹنٹ جنرل کو آپریشن سندور کی کامیابی کے بارے میں جانکاری دی۔ انہوننے ملک کی Service Attaches فوجی طاقت اور فوجیوں کے عزم کو بھی اُجاگر کیا۔

**راجناتھ سنگھ**

وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ نے نئی دلی میں آج اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران ملک کی مغربی سرحد پر سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان، بحری فوج کے سربراہ ایڈمیرل دنیش کے تریپاٹھی، زمینی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی اوروائس چیف آف ائر سٹاف ، ائر مارشل نَرمہ دیشور تیواری نے شرکت کی، جبکہ دفاع کے سیکریٹری راجیش کمار سنگھ اس موقعے پر موجود تھے۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں ملک کی صلاحیتوں میں کا فی اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی کاوشوں کی بدولت آج بھارت بین الاقوامی سرحد پر پاکستان کے بالمقابل کھڑا ہے۔ انہوننے کہا کہ مو د ی حکومت کے دوران پچھڑے علاقوں میں بھی ترقی کا ایک نیا جال بچھ گیا ہے۔میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ کٹھوعہ پورے ملک کا ایک ایسا ضلع بن گیا ہے جہاں بین الاقوامی سرحد پر فیملی بنکروں کا تصور پایا جا رہا ہے۔

-----

**مہم**

آپریشن سندور سے متعلق قومی سطح کی 11روزہ آوٹ ریچ مہم آج سے شروع ہوئی۔ ترنگا یاترا سے جانی جا رہی اس مہم کا مقصد پاکستان کے خلاف بھارتی فوجی دستوں کی کامیابی کو اُجاگر کرنا ہے۔ سابق فوجی، سماجی کارکن، سماجی تنظیمیں اور معروف بی جے پی لیڈر اس عوامی پروگرام کا حصہ ہونگے۔23 مئی تک جا ری رہنے والی اِس مہم کے دوران اُس کاروائی کی طرف توجہ مرکوز رہے گی جس کے تحت بھارتی فوج نے پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں دہشت گرد کیمپوں کو تباہ کیا تھا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے آج ٹنگڈار کا دورہ کر کے وہاں سرحد پار کی شلنگ سے متاثرہ علاقوں میں زمینی سطح کی صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کی اور ٹنگڈار میں متاثرہ کنبوں کے ساتھ بات کی۔ وزیر اعلی نے لوگوں کو یقین دلایا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت انکے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کی بازآباد کا ری کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے وہاں تعمیر کئے گئے کمیونٹی بنکروں کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں اسطرح کے مزید بنکر تعمیر کئے جائیں گے ۔ وزیر اعلیٰ نے سب ڈسڑکٹ اسپتال ٹنگڈار کا دورہ کر کے وہاں دستیاب طبی سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا ۔

------

ستیش شرما

امور صارفین و عوامی تقسیم کا ری کے وزیر ستیش شرما نے آج جموں میں مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں سرحد پار کی شلنگ سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ انہوننے متاثرہ کنبوں کو یقین دلایا کہ حکومت انہینہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج نوشہرہ تحصیل میں کلسیاں پنچایت کا دورہ کر کے وہاں حالیہ سرحد پار کی حالیہ شلنگ سے مکانات کو ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ انہوننے مقامی لوگونکو یقین دلایا کہ انتظامیہ انکی بہبودی کےلئے تمام اقدامات کرے گی۔ بعد میں انہوں نے جی ایم سی راجوری کا دورہ کر کے شلنگ سے زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی۔

قرہ

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کو فوری طور سے جمونو کشمیر میں شلنگ سے متاثرین کی باز آبادکاری اور ریلیف کے لئے ایک خصوصی پیکیج کا اعلان کرنا چاہئے۔ انہوں نے پارٹی کے دیگر لیڈروں کے ہمراہ آج پونچھ کے منڈی علاقے کا دورہ کر کے وہاں از جان ہوئے ایک شہری قاری محمد اقبال کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار اور ایل جی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ پونچھ اور راجوری ضلعوں میں سرحد پار کی شلنگ اور ڈرون حملوں سے متاثرین کی باز آبادکا ری اور ریلیف کےلئے فوری اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ لگا تار فائرنگ کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو اپنے گھروں کو چھوڑنا پڑا ہے۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**سکول**

وادی کے بانڈی پورہ، بارہمولہ اور کپوارہ اضلاع کے کچھ زونز میں کل سے تدریسی سرگرمیاں بحال ہو رہی ہیں تاہم چند حساس زونز میں تعلیمی ادارے فی الحال بند رہیں گے۔ ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ بانڈی پو رہ ضلع کے گریز زون کو چھوڑ کر باقی تمام زونز میں کل یعنی14مئی سے تعلیمی ادارے دوبارہ کھلیں گے۔ گریز زون میں سکول احتیاطی طور بند رہیں گے۔ تاہم اساتذہ کو ڈیوٹی پر حاضر رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ڈائریکٹر موصوف نے کہا کہ بارہمولہ ضلع کے اوڑی ، جھولا ، چندن واڑی اور بونیار زونز میں کل تعلیمی ادارے بند رہیں گے جبکہ ضلعے کے باقی زونز میں قائم تعلیمی اداروں میں معمول کا کام کاج کل سے بحال ہو رہا ہے۔ اسی طرح کپوارہ ضلع میں بھی تعلیمی اداروں میں کل سے تدریسی سرگرمیاں شروع ہو رہی ہیں البتہ ضلع کے کرناہ، کیرن، مژھل، بڈنمبل ،جمعہ گنڈ اور کمکاڑی زونز میں سکولوں میں تدریسی سرگرمیاں کل بھی معطل رہیں گی۔

**منشیات**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے لل دید اسپتال کے چیف بلڈ بنک آفیسر ڈاکٹر جا وید اقبال خان کے ساتھ بات کی، تو انہوں نے کہا ۔

**حج**

جمونو کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کی اطلاع کے مطابق کل سے سرینگر ہوائی اڈے سے حج پروازوں کی روانگی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گا، جبکہ منسوخ کی گئی حج پروازوں کا شیڈول الگ سے جاری کیا جائے گا۔ حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**-----Byte-----**

**جھڑپ**

شوپیان ضلعے کے Shukroo جنگلاتی علاقے میں آج صبح ملی ٹینٹوں اور حفاظتی عملے کے درمیان ہوئے تصادم میں تین ملی ٹینٹ مارے گئے ہیں۔ آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے بتایاکہ مارے گئے ملی ٹینٹوں کا تعلق غالباً لشکر طیبہTRF تنظیم سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تصادم آج صبح اُس وقت شروع ہوا جب حفاظتی عملے نے ملی ٹینٹوں کی موجودگی سے متعلق مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد علاقے کو محاصرے میںلیا جس دوران ملی ٹینوں نے فائرنگ شروع کی ۔جوابی کاروائی میں یہ تینوں ملی ٹینٹ ما رے گئے۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال نے پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ انکی پارٹی جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کےلئے کام کر تی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ہمیشہ سے لوگوں کے حقوق کی پاسداری کر تی آ رہی ہے۔

**جل جیون**

جل جیون مشن کے مشن ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں حالیہ صورتحال کی وجہ سے متاثرہ واٹر سپلائی سکیموں کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہیں بتایا گیا کہ پورے جمونو کشمیر میں واٹر سپلائی سکیمیں معمول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ انہوننے کہاکہ مشن کے تمام پروجیکٹوںکو اس سال کے آخر تک مکمل کیا جانا چاہئے۔

**نتائج**

سینٹرل بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن CBSE نے 12ویں اور 10ویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ 12ویں جماعت میں کامیاب ہونے والے طلباءکی شرح88اعشاریہ تین9 فیصد جبکہ10ویں جماعت میں کامیاب طلباءکی شرح93اعشاریہ چھ چھ فیصد رہی۔ یہ نتائج CBSE کی ویب سائٹ اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارموں پر دستیاب ہیں۔

**IPL**

بھارت میں کرکٹ کے کنٹرول بورڈ BCCI نے اعلان کیاہے کہ آئی پی ایل ٹورنامنٹ ایک ہفتے کے وقفے کے بعد اِس مہینے کی 17 تاریخ کو پھر شروع ہوگا۔ اب اِس مہینے کی 17تاریخ کو بنگلورو میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا مقابلہ کولکتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ البتہ موہالی یا دھرم شالہ میں کوئی میچ نہیں کھیلا جائے گا۔

**موسمی صورتحال**

جمونو کشمیر کے مختلف علاقوں میں ان دنوں معتدل آب و ہوا اور موسمی صورتحال پائی جا رہی ہے تاہم بالائی علاقوں میں آئے دن رُک رُک کر بارش ہونے کا سلسلہ بھی جا ری ہے۔ مو سمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پرہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر30 اور**

**غروب آفتاب شام7بجکر25منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**……………………………………………………………………………………………**

**…………………………………………………….**

**………………….**